قیمت درج نہیں۔

عملیات و تعویذات کی بے شمار کتب مارکیٹ میں بک رہی ہیں جو پیشہ ور عاملوں کے لیے تو روپیہ کمانے کی مشین ہیں، مگر عوام الناس کے لیے قطعی غیر سنجیدہ بلکہ نقصان دہ ہیں، کیونکہ عملیات کے لیے جن شرائط کی ضرورت ہے وہ اکثر و بیشتر مفقود ہوتی ہیں، جس کی وجہ سے اثرات ظاہر نہیں ہوتے اور ان کی اعتقادی پوزیشن کمزور ہوتی ہے۔ اپنے مقام پر ان عملیات و تعویذات کی تاثیر سے انکار ممکن نہیں، لیکن بہرحال یہ ہر ایک کے بس کی بات بھی نہیں۔ ایک طرف تو غلط مقاصد کے لیے ان کا استعمال بڑھ گیا ہے، اور دوسری طرف کتاب خریدنے والا ہر آدمی حب اور دشمنی کے باب کھولے بیٹھا ہے۔ ان خطرات و نقائص کی بنا پر ہم عملیات و تعویذات کی کتب کے مارکیٹ میں لانے کے حق میں نہیں ہیں۔ ہاں البتہ وظائف و اوراد کی کتب میں کچھ مضائقہ نہیں۔ مذکورہ کتاب بھی عملیات کے موضوع پر ہے، بلاشبہ اس میں مستند و قابل اعتماد عملیات مذکور و منقول ہیں، لیکن بہرحال عوام خریدنے سے گریز کریں۔ البتہ کتاب کے صفحہ نمبر ۱۵ پر عملیات کے لیے جو قواعد منقول ہیں، ان کو ملاحظہ کرلینے کے بعد اگر ان کی پابندی ممکن ہو تو بے شک خرید لیں۔

(ابوالحقائق چاریاری)

انتخاب لاجواب (جلد اول)

مرتب: مولانا محمد امجد خان۔ ناشر: مکتبہ اشاعت اسلام، عبدالکریم روڈ، قلعہ گوجر سنگھ، لاہور۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت درج نہیں۔

یہ کتاب مولانا قاری محمد اجمل خان کے مرتبہ مضامین کا مجموعہ ہے جو ہفت روزہ خدام الدین اور ہفت روزہ ترجمان اسلام لاہور میں بالاقساط شائع ہو چکے ہیں۔ اس میں ایمان افروز واقعات بھی ہیں اور نصیحت آموز مشاہدات بھی، قرآنی و حدیثی وظائف و عملیات بھی ہیں اور طبی نسخہ جات بھی، مناقب و فضائل بھی ہیں اور اشعار و لطائف بھی۔ کتاب پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے اور ذہن و فکر میں انقلاب پیدا کرنے والی ہے۔

(ابو الحقائق چاریاری)